ہفتہ بسیج کی مناسب سے پیامِ تبریک – 25 /Nov/ 2021

ہفتہ بسیج کی مناسب سے اپنے پیام تبریک میں آیت اللہ خامنہ ای نے ملک کے مسائل پر قابو پانے کے لیے "محنت، حکمت، دیانت اور خدا پر توکل" کو تجربہ شدہ ہتھیار قرار دیا۔
رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہفتہ بسیج سب کو مبارک ہو، خاص طور پر بسیج کی نئی اور تازگی بخش نسل کو، جو پچھلی نسل کی طرح آج بھی امام راحل رح کے عزیز فرزند ہیں۔
عزیزو!
اپنے مقام کی قدر کو جانئے اور جان لیں کہ پوری محنت سے، حکمت و صداقت کی روشنی میں، اور اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ کے ساتھ، آپ ملک و قوم کے تمام عمومی مسائل میں موثر اور مشکل کشا ثابت ہوسکتے ہیں۔
یہ ایرانی قوم کا کئی دہائیوں کا تجربہ ہے۔

و السلام علیکم و رحمۃاللہ
سیّدعلی خامنہ‌ای
24 نومبر 2021